© rasailojaraid.com



جناب محمد اظہر صدیقی دبیر صاحب

## منقبت

## امیر المؤمنین سیدنا معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہم

بطلِ جلیل صاحبِ عظمت معاویہؓ
محبوبِ بارگاہ نبوت معاویہؓ

بے حد حلیم، اہل تدبر و باشعور
مثلِ عمرؓ ہیں بارشِ رحمت معاویہؓ

ان کو کہا ہے مہدیؔ امت رسول نے
بے شک امامِ اہلِ ہدایت معاویہؓ

وہ لشکری کہ جن کو نویدِ بہشت ہے
وہ لشکری ہیں زیر قیادت معاویہؓ

قبرص میں دو امام رہے بن کے مقتدی
فخرِ امام رشکِ امامت معاویہؓ

ڈوبا ہوا ہے عرقِ صداقت میں حرف حرف
سرخیلِ کاتبانِ کتابت معاویہؓ

دارالاماں ہے مثلِ حرم آپ کا مکاں
حاصل ہے آپ کو یہ فضیلت معاویہؓ

عام الجماعت آپ کی برکت ہے فیض ہے
ہستی تمہاری دافعِ نفرت معاویہؓ

رکھا تمہیں نے بیعتِ رضوان کا بھرم
لے کر اٹھے قصاص کی دعوت معاویہؓ

بعد از غنیؓ ہیں جن پہ مسلمان متفق
ہے آپ ہی کی ایسی خلافت معاویہؓ

عظمت کا اک ثبوت ہے ایجادِ بحریہ
کرتے ہیں بحر و بر پہ حکومت معاویہؓ

اسلام سے کبھی نہ نبرد آزما ہوئے
کفار کے لئے تھے مصیبت معاویہؓ

تھے معتمد علیہ مرادِ رسول کے
بخشی جنہوں نے تم کو امارت معاویہؓ

آلِ سبا نے پَر جو نکالے ہیں پھر دبیر
دنیا کو پھر ہے تیری ضرورت معاویہؓ

بشکریہ "ماہنامہ شمس الاسلام"
بھیرہ
دسمبر ۱۹۹۵ء

© rasailojaraid.com